کہ شد موجی بلند از چشمہ نور

جان یعلوہ اور لہ کی ضمیر
سوئے یعنی نہ سوئے ذات منیر

اسکا مرجع جو آپ کو سمجھے
ہی وہ بیشک خلاف ظاہر کی

کھنچا نظرون مین ہی تحریر ضعف چشم کا نقشہ
بھلا کب آنکھ اب کوئی حسین مجھسی ملاتا ہی

تھی وہ آنکھین کہ جبکا حسن کی بیان
جن و انسان کا تازہ ہو ایمان

خانۂ دل مین نور ہو ساکن
یعنی روشن ہو دیدہ باطن

انبیا سارے اور ملائکہ سبھے
سن کے اس حال کو بعین خوشی

یعنی کھین ہو کی شوق جان ہمہ تن ۔۔۔ دل ما شاد وچشم ما روشن

وصف چشم جناب سرور دین ۔۔۔ کھول کر چشم دل یون لکھیہ یقین

کان عظیم العینین

یعنی تھین آپ کی بڑی آنکھین ۔۔۔ جلوہ حق سے جو لڑتی انکھین

اور مراد اس جگہ بزرگی سے ۔۔۔ نفی ہی تنگی و مغاکے سے

یہی محمود سب کی ہی نزدیک ۔۔۔ نہ بزرگی ہی ایسی خوب اور ٹھیک

کہ وہ نکلی ہوے ہون باہر کو ۔۔۔ غیر محمود اسکو تم سمجھو

اَنجل العینین

اسکے معنے یہ جان سے تو صاف ۔۔۔ دونون آنکھونکا تھا فراخ شگاف

سمجھہ اسکو جو طبع ہے سالم ۔۔۔ بڑی آنکھون کو ہی یہی لازم

اَشکل العینین

سرخی امیز تھی سپیدی چشم ۔۔۔ حسن انگیز تھے سپیدی چشم

اشکل العین اوسکو کہتے ہین ۔۔۔ کہ سپیدی مین ہوئین سرخ رگین

اسکو محمود جانتے ہین سبھی ۔۔۔ ایک علامت تھی یہ نبوت کی

اور سحر کہیے اوسکو مین کہتے ۔۔۔ اشتقاق اسکا جان سحر سی

چشم جادو بھی اور جادو گر ۔۔۔ تھین اس واسطے کہ مین دلبر

شکل کی یعنی ہے جسنے ای ہشیار | کیا طول شکاف چشم شمار
علمانے باتفاق ہے سے کے | نسبت وہم بس طرف اوسکے

ادعج العینین

خوش سیاہ و سپید حدقہ چشم | خوبی و حسن بھی تھی صدقہ چشم
یعنی از حد سیاہی اونکی سیاہ | اور سپیدی زبس سپید کہ واہ
سات وسعت کی تھی ای مدح شعار | یہہ اوسی کی ہین وصف مین اشعار
نرگس اندر باغ حیران از نگاہ چشم تو | مست آہو در بیابان از نگاہ چشم تو
قمریان کو کو نمایان عندلیبان صد ہزار | در رباغ و مست نالان از نگاہ چشم تو

اشہل العینین

اشہل العین ہے ہوا مروی | تھی سیاہی چشم مین سرخی
وصف مین آپ کی ہی یہہ آیا | لیک کمتر نے ہی یہہ فرمایا
اور اکثر نے ہی کیا انکار | قول صاحب اونخین کا کر تو شمار
اور مثبت ہی اونکے دعوے کا | اس ہی پہلے کا جملہ جو گذرا
یعنے یہہ جملہ ادعج العینین | خوب ہی تھی سیاہ اونکے عین
اور کسیکو ثبوت مین اوسکے | جا نہین ہی کلام کی کچھ ہے
ہی تو تحقیق ظاہرا یہہ مقال | اور خدا جانے یہہ حقیقت حال

اوجع العین اشہل العینین — یون ہی توفیق اونکے فیما بین
کہین اوجع سیاہ مطلق کو — کم سیاہی ہو یا زیادہ ہو
یا ہو او سمین ملی ہوئی سرخی — عام معنی پہ رکھہ تو اسکو اخی
تا کہ ہو عام خاص پر محمول — اور اشہل بھی پاہی او سمین شمول
کیونکہ اشہل وہ آنکھہ ہی جسکے — ہو سیاہی مین کچھہ ملے سرخی
معنی اشہل کی اور بھی ہین لکہی — ہین اگرچہ ضعیف پر سنیئے
کہ سیاہی مین ہو تین سرخ رگین — اشہل العین وصف وسکا کرین

واکحل العینین

خود بخود تھین وہ سرمگین آنکھین — واہ نام خدا حسین آنکھین
پلک ہر دو چشم مین سے تھے — آپ کی تھی سیاہی سے خلقے
گر کوئی دیکھتا طرف اونکے — کیا سرمہ ہی بس سمجھتا بھی
اوسکے اوصاف تو بہت ہین اور — مگر ان تیون مین بھی کچھہ کر غور
عبان سرمہ سیہ کردہ خانہ دوم — دو چشم تو کہ سیاہ اند سرمہ نا کردہ
خدا بر وفتہ حسن خدا داد — ہر چشم سرمہ سا کردہ مگر صاد

جنہین کی حاسد ان بن کی قلمین شاکی اشتر

ذکر حسن مژگان سے دین لب تک آتا ہی

اھدب الاشفار

خوب تھین اور دراز تھین پلکین
وصف سی بی نیاز تھین پلکین

گو نہین وصف تام ہو سکتا
لیک پھر بھی کسی نی خوب کہا

بیننم از جنبش مژگان دراز
ز دون بال پرے در پرواز

لکہون تار شعاع مہر سی جرم قمر مین
کہ وصف اب خدا نور کا یہان لکہنی مین آتا ہے

وکان سھل الخدین

تھے برابر وہ دونون رخ یار
دل ہو سن کہ ہین وہی پیارے

استخوان اونکی گوشت سی او تھے
نہ تھے بلکہ جسم برابر تھے

کہ یہ اچھی صفت ہی اور محبوب
نزد اہل عرب نزیس مرغوب

نہ مناقات دونون مین ہوگی
یعنی ہی وہ جو بعضون سی مروی

کہ نخامتہ کی معنی جیسے ہین
ممتلی اللحم جیسے وتھا یہ ہین

کیونکہ اس سی مراد ہے ای یار
غیریت اور ... نا ہموار

أسيل الخدين

ایک روایت مین آیا ہی اسطور
استطالت کی ساتھ بیٹھے تھا
ہی غرض ایک تال دونو نکا
کہ ہوا نیزاویان یہہ لفظ اسیل
کہ جو سائل نے تھا سوال کیا
بس یہہ شاید اوسکی ہے کرتا
استطالت سے چہرےکے اوس جا

اسکے معنی بھی مستوی کر غور
مستوی رو ہی خواجۂ دوسرا
اور جو وہ بعضون سی ہی نقل ہوا
شاید اوسکے مقابلہ مین خلیل
روئے حضرت بیان سیف تہا کیا
کہ فقط تھا سوال سائل کا
نہ چمک سی سوال تھا اوسکا

سهل الخدين صلتهما

یون بھی ظاہر ہے اس روایت سی
اون مین قعر اور نتو تہا اصلا

صاف ہموار تھے وہ رخسارے
زائد اسواسطے ہے صلتہما

جہان مین شہرۂ آفاق اوسکی خوش کلامی ہی
وہان سید عالم کا جو وصف کہا ہی

وكان ضليع الفم

ساتھ خوش زمزمی کی ای مشفق من
تھے رسول خدا فراخ دہن

یعنی تھا حلقہ وہان شریف | طول اور عرض مین وسیع لطیف
غایت حسن اور ملاحت سے | اور یہہ لکھا ہے ایک شاعر نے
فرو ابر اور نہ سر از روزن بہشت | جمیکہ در خیال دہانش فرو شدند
جانی ہین اتساع فم کو عرب | بسکہ محبوب اسکا ہی یہہ سبب
رکھتے ہین قوت فصاحت پر | خوش بیانی پہ بھی دلیل اکثر
یہہ بھی معنی ضلیع کی سنا | رقت لب جو بعضون نے لکھا
اور تفسیر بعضون نے اسکی | جو لکھی ہے عظیم الاسنان ہی
بے محل ہے وہ اور نامقبول | تو تعقب کیا ہے اوسکا قبول

ہاین سلک گوہر نایاب سطرین درفشان کا عقد
کہ دندان مبارک کا بیان تحریر پاتا ہی

وصف دندان جو خامہ لکھتا ہی | مونھہ سے گویا گہر اوگلتا ہی
نور لفظون سے صفحۂ قرطاس | کری براقی تنگ اوداس
ہی جو رخشندہ لبکا اور انوار | اوس ہی پڑگئی ہی گلشن پر

كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ تَعَالَى عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَسَلَّمَ أَفْلَجَ الْأَسْنَانِ

ایک لغت ہے یہی افلج الاسنان — وہ ہے جو ہی منفلج الاسنان
یعنی از کی کشادہ دندان تھے — ہے مراد اس سے دانت آگیلے
یان فلج وہ کشادگی سمجھو — آگے دانتوں کے درمیان جو ہو
انہیں معنی کے جو مؤید تھے — ابن عباس کی حدیث لکھی
افلج الثنتین واقف ہو — اور ثنیہ ثنیت مین ہے یہ سمجھو
کہ ہے آگیلے دانتوں کو لکھا — پر کہا ہے کا یعنی حاصل کرتا
یعنی مطلق کو یون مقید رہ — ہے نہ خالی ہے سا محنت ہی مگر
کیسے کے برتاو مین فرج کی جا — سے فلج کر لیا سن ای وانا
اور یعنی اوسکا ہے جزو معنی جان — اسکے معنی یون شرح سی بچان
یعنی معنی فلج کی ہین ہونا — فرجہ ما بین ثنتین فتا
لفظ اسنان کو بھی ایسی ہی جان — یعنی ہے وہ جو افلج الاسنان
اور برتنا یہ تمام معنے کا — خاص کی سات ہی ضرورت تھا
کیونکہ اسکے بعینہ لکھی ہی — جمع اس جا یہی یون ہو سکتی
کہ ہر ایک نی روات مین سی بیان — وہ کیا ہی ہوا جو اوسپہ عیان
یعنی جیسا ہوا ہے معلوم — کہا ویسی ہی اوسنے کر مفہوم

انتہا

لیکن تھے آبدار وہ بیحد و بے فرق | دانت باریک و تیز سے بیحد حق
اور بعضون نے یون کہا اشنب | یعنی تھا وہی شخص کو کہیں گے جب
کہ ہو دندان بہت سوز لطیف اوسکے | اور آبی بدوبست بر وہ بھی ہووے

مُفلّج الثنایا

یعنی دندان تھے حضرت نبی کے | بیکد روشن تھی اور تابان

وبرّاق الثنایا

دانت روشن تھی اور درخشندہ | جن سے شرماے برق رخشندہ

یفترّ عن مثل حبّ الغمام

ہوتی خندان جب تھی حب شہ دوجہان | دانت مثل تگرگ ہوتے عیان
خود سمجھ لے گا اسکو بے تو عقل | کہ یہہ برا قیت مین دی تمثیل
وصف اونکا جو حسن ثغر سہی | یعنی یہہ معنی کہ دانت اچہی تہی

قوی الاسنان وفی رباعیته کان عظیم الاسنان

یہہ جو لکھے ہیں یان پہ دو فقرے | سے وہ نکلی تو مراد ان سے
جملہ وصفون میں یعنی وہ دندان | تام سے تھے اور دست بشکل جان
شعر صاحب قصیدۂ بردہ | کوی سبقت ز شاعران بردہ
کانما اللؤلؤ المکنون فی صدف | من معدنی منطق منہ ومبتسم

در مکنون در صدف دندان بود گوئیا — بود ظاهر از دو لب چون بشد تبسم
ترجمہ اسکا فارسی مین یہ تھا — مین نے اردو مین اسکو نظم کیا
ہین صدف مین نہان در خوش آب — ای سپید اور تازہ و سیراب
ہوتی ظاہر تھی نطق کی کان سے — یعنے دندان شریف حضرت کے
بولنے اور مسکرانے سے — بس سفید اور لطیف نکھتے تھے
جس کسی نے کہا ہے خوب کہا — یہ جو دو تین شعر ہین لکھتا
این رشتہای در کہ میان دو لعل بست — ور دانہ ہاست ریختہ در چشم آفتاب
نہ ہے دندان بزیر لعل خندان — تو گوہی در شفق برقی ست رخشان
پر وارید دندان ہاے پرنور — صدف را آب دندان دادہ از نور

اِذَا تَكَلَّمَ رُئِيَ كَالنُّوْرِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ الثَّنَايَا

دیکھا جاتا تھا نور وقت کلام — کہ نکلتا ہے دانتون سے وہ تمام
تھا وہ دندان کا یا زبان کا نور — یا دہن کا وہ رشک شعلہ طور
اور نکلنے کو دانتون سے تھی راہ — شعر یہ خوب ہی کسی کا واہ
اندر دہان زبانہ شمع است شعلہ دار — یا غنچہ زبان دوست چو طوطی سخنوار
یخرج کی ضمیر ای سامع — سوی کالنور توجہ راجع
اور جو رئی ہی صیغہ مجہول — نہ کہ کالنور اوسکا ہی مفعول

اور ہے اوسکی سر پہ زاید کاف | یعنی تشبیہ ہے سمجھ لے صاف

بلکہ ہے امر واقعی کا بیان | اور یہ حضرت کا معجزہ تھا عیان

لفظ مجہول جو یہان آیا | اسکی جانب اشارہ فرمایا

کہ نہتھا خاص ایک نے دیکھا | نور دانتون سی سے وہ نکلتا ہوا

بلکہ وہ نور تھا نکلتا مدام | آپ کے دانتونسے بوقت کلام

ایک روایت مین یون بھی ہی آیا | فاعل رُئیَ سے شے کو ٹھہرایا

اور کالنور لغت اوسکی ہے | یخرج حال اوسکا مرجع شی

اوسکی تقدیر رُئیَ شیٌ کالنورُ | خارجاً من ثنایاہ ہی مذکور

رُءِیَ اور رُئیَ بہے ہی صحیح | بلکہ پہلے سے دوسری ہی فصیح

نہو جاوی قلم ذوق حلاوت سی کہین لبریز
جناب فخر عالم کے لبون کا ذکر آتا ہے

احسن عباد اللہ شفتین +

بہترین تھی خدا کی بندونسے | آپ از روے دونون ہونٹہون سے

سچ ہی وصف لب مبارک مین | یون محمد و فاتحے کہتے ہین +

سحر من الشہد فی فیہ مراشفتہ | یاقوتۃ صدفٍ فیہ جواھر

ایسی مضمون کی وصف مین لب
فارسی مین یہ شعر ہین لکھے

لعل جان بخشت کہ یاد از آب حیوان میدہد
زندہ را جان می ستاند مردہ را جان میدہد

تشنگی دو تشنہ در گرمای صحرای قیامت ہم
بخاطر نگذرد ہر کہ لعل آبدارش را

لب نازک بہم سے ہے پیوستہ
کیا کری وصف خامہ لب بستہ

کیونکہ ہونا لبون مین بیشک ہے عیب
وقت خاموشی انفراج ہی عیب

کہ نشانی ہی یہ حماقت کی
ہی یہ اہل قیافہ نے لکھی

ہین یہی معنے ضلیع الفم
وصف مین آپ کی ہوئی جو رقم

الطفہم حسنہ فمہ

ماشاء اللہ سے ہر دو جہان
سب سے الطف روی مہر بان

وقت جب ہنسی کی تھا ہوتا عیان
کہ وہ الطف ہی سب سے مہرو بان

ہوتی معلوم اچھی دل کو شعر
لکھی موقع پہ ہے یہ دو شعر

بگفتا خاتم لعل لبت ہرگاہ می آید
نمی آرم بیان خاتم انگشت از دہن بیرون

اگر آن غنچہ دہان مہر ز لب برگیرد
جگر تشنہ خورشید بمحشر گیرد

سواد صفحہ گلشن پہ بیشک حرف آب آیا

[illegible]

کثّ اللحیۃ

سرورِ انبیا کے خوش انداز | تھی گھنی داڑھی کول غیر دراز
دو روایت ہین اور بھی سن لے | کہ عظیم و کثیف اون مین ہے
اور یہہ گو سچ کی ہین مقابل ہین | پچکی داڑھی بھی جسکو کہتے ہین
عمدہ مضمون کی شعر تھی یہہ لطیف | لکھی اسجا بمدح ریش شریف
کلک ما فوارۂ آب سر گشتہ ایست | بسکہ از تحریر خطش سبز شد گفتار ما
احاطہ کرد خط آفتاب تابان را | گرفت خیل پری در میان سلیمان را

قد ملأت لحیتہ ما بین ھذہ الی ھذہ

ریش اقدس جو تھے وہ تا سینہ | اوس سے پر تھا وہ سینۂ بے کینہ
ذقن اور دونون کانون کی بین | پُر محاسن سے تھا بزینت و زین

قد ملأت نحرہ

پر کیا تھا داڑھی نے بیشک | بند گردن کو اونکے سینہ تک
اب منافی نہ اسکے یہہ ہو گا | ایک روایت مین ہی جو یون آیا

کثّ اللحیۃ یملاء صدرہ

یعنی تھی اس قدر گھنی داڑھی | کہ تھے بھرتے آپ کی چھاتی

یہاں صدر و سے یہاں یہی مراد
غرض سینہ سلن لے جستہ نہاد

یعنی پہنا ہے صدر سے نہ کبھے
متجاوز وہ لحیہ ہوتے تھے

اور اول مین بس اسی سی تو جان
اور اسکے مقدار طول کا ہی بیان

اور بعضون نے یون بھی ہی لکھا
نقل کرتا ہون اور اسکو مین اس جا

کہ وہ رہتے تھی باقی ای خوشخو
بعد کتراتے تھے جو ریش انکو

تو زیادہ وہ نہ اس سے کوتہ تر
ریش اقدس کو کرتے تھے بیشتر

اور جو بعد اخذ ہوتا استرسال
تو پھر اس وضع مین تھا بس تجمل

کہ زاعلائے صدر تا بصدر
تھی پہونچتے وہ لحیہ اطہر

ترمذی کی حدیث کا مضمون
کرتا تائید ہے اسی کی یون

کہ کترواتے تھے جناب رسول
لحیہ پاک کو وہ عرض اور طول

اور وہ جو حدیث مین آیا
مشرکون کی مخالفت کرنا

کہ ہو کوتہ بہ ودت ریش دراز
مشرکون کی یہہ ہے خلاف انداز

نہ اخذ بلکہ ہے غرض اس سے
مونڈھنا اور قریب مونچھیکے

پس مراد اب یہان یہ تو یہہ لے
حد مذکور سے نہ کم ہووے

اسپہ بھی چاہیے تو اگر بڑھنا
نہین ممنوع بلکہ ہے اچھا

یہہ جو مشہور ہے کہ حضرت کے
چار انگشت لحیہ طمعًا تھے

یعنی تھی وہ اسی قدر سے خلقے … کہ دراز اور نہ کم تھے کچھ ہوتے

یہہ روایت قوی نہ ہات آئے … اور نہ اسپر کوئی سند پائے

بعضے کہتے ہین لحیہ اوسکو کہین … بال ٹھوڑی پہ جو نکلتے ہین

پس کہا جائیگا یہہ سن لو بغور … یعنی کث لحیہ مین اس طور

کہ بہت بال ریش اقدس کے … یعنی ٹھوڑی پہ تھے وہ کثرت سے

کان اسود اللحیۃ حسن الشعر

تھی نباتات سی موئی ریش سیاہ … خوب بالون کی تھی وہ عالی جاہ

تھی محاسن وہ جمع حسن کمال … ہی زبان صفت بیان پر لال

ف ہاشوق محبت خط ورو … دل سی کہتا ہے یہہ کہی جا تو

خط ہے کلام کلیم ورخ ہے کلام اللہ … چہ خط چہ رخ چہ جبین لا الہ الا اللہ

حسن السبلۃ

لکھہ یون حضرت کا وصف موئی ابرو … خوبتر سب سی تھی زروئی بروت

یعنی از روئی آفرینش کے … اور بھی تھی زروئی بخشش کے

ایک روایت مین واذا السبلہ … تھی بہت بال موچھون کے آیا

کہا عقیلی نی سبلہ ہی کو کشین … بال ٹھوڑی کی جا کنارہ ریش

ماکہ ڈاڑہی کا رنا را آنگے سے … خاصہ اجسا سے اصر اتنا آ تو

ہون لٹکتے سمجھے وہ سینہ پر	بعض اقوال یون ہین آئے نظر
حسن اونکا مراد ہے اس سے	ساتھ انکے ہے خوش نمائی کے

قصّ الشارب

یعنی شاہ زمن رسولؐ انکو	قطع فرماتے تھے شوارب کو
کیفیت قطع شارب شہ دین	کہین تصریح سی تو دیکھی نہین
کہ کترتے تمام شارب سے	یا سبالین سے ترک فرماتے
پر صحابہ کا سمجھیے فعل سنو	جس طرح قطع کرتے وہ انکو
دو طرح تھا اس امر مین یعنے	ترک مین اور نہ ترک مین اونکے
اور اس امر کو بھی پایا عام	تھا جو حکم نبی علیہ سلام

قصّوا الشوارب واعفوا اللحی

ہوئے قائل جواز مین اونکے	یعنی یک قوم ترک سبلت کے
بنظر امر عام و بعضے اثر	جیسے کرتے تھے وہ جناب عمر
دوسری قوم کے ہے پیش نگاہ	ترک سبلہ مین قول استکراہ
اونکے بھی امر عام پر ہے نظر	اور ہے اقتدای ابن عمر
کہ کترتے تھے وہ تمام و کمال	ہی یہہ ماثور اوس جناب کا حال
سنین ملتی ہے قص کی مقدار	از جناب نبی شہ ابرار

پر کتابون مین ہے یہ بس مرقوم — کہ ہو سہ خمی لب عیان معلوم
اسی مقدار کو سمجھ لینا — ہے خداوند عالم و دانا

کان فی لحیتہ علیہ الصلوٰۃ والسلام شعرات بیض

خاتم الانبیا شہ دین کے — چند موئی سفید ریش مین تھے
یعنی دس یا کہ اس سی بھی کمتر — و مبدم دل سی پڑھ درود و خبر
نہین یاں کے منافی ہے اصلا — اور روایات مین جو ہے آیا
نہ کیا طول کے سبب مرقوم — کہ رسالہ سے نثر کے معلوم
کیونکہ ہے اختلاف مبنی جان — حال پر اور زمان پر ہے آن
مختلف ہین روایتین مرقوم — اسمین پس وجہ جمع کر معلوم
مختلف وقتون اور حالون سے — یعنی جس وقت دیکھا جو جسنے
ویسی ہی اوسنے وہ بیان کیا — نہ منافات اسمین ہے اصلا
اور موئے شریف مین ہے ریب — یہ سبب تھا ظہور قلت شیب
کہ بڑھاپا انکو جانتے ہین برا — سخت مکروہ اور زشت نما
اور مکروہ جاننا کوئی چیز — سرور کائنات سے ای عزیز
کسکی تقصیر اور کیسا گناہ — کفر ہی اس سے بس خدا کی پناہ
تھین جو ازواج طاہرات کثیر — بس ہوا ختم فضل رب قدیر

یعنی لکھکر مدح اونکی مقدس تن یون چوکنا
کہ شور جوشش بحر رحمت اب کانون مین آتا ہے

وصف اونکی سرور عالم
نہین ہوتا کانڈ تو ریشم
کان سیاح چرخ نے ایسی
آنکھون دیکھے کہین نہ کانون سنے
رشک گلبرگ باغ رضوان داد
صدف نور نور سید آلہ

تامۃ الاذنین

یعنی حضرت تھی کامل الاذنین
خوب کانون کی وہ شد داریان
خوب خلقت مین حسن ہیئت مین
بے بدل بی نظیر اونکو کہین
جب کبھی بالون مین سی دیکھہ جاتی
ساتھہ اوس حسن کی جو رکھتے تھے
گویا دکھتے وہ دو ستارے ہین
بلکہ دو نور کے شرارے ہین
شاعری خوش بیان زبس خوش گفت
دُر و صدفش برشتہ جان سفت
وہ چہ گوش وچہ بناگوش نگر
از سمن رستہ دو برگ گل تر
زحسن او کہ بحری ہست در جوش
صدف بہر در خوبی ست آن گوش

گلوگیر اس قدر ہی ذوق مدح گردن اعلی

کہ طوق وتکہ مضمون مین مری گردن پھنسا تا ہی

كَأَنَّ عُنُقَهُ جِيدُ دُمْيَةٍ فِي صَفَاءِ الْفِضَّةِ

جب لکھا وصف گردن سے لگے — حسن اگر گلے کا مہا ہوا

گویا گردن تھی عاج کی تصویر — تھا نہ خوبی مین کوئی اوسکا نظیر

اور بیاض اوسکی مثل سیم سفید — تھے جھکتے بیان جسے امید

یعنی غایت صفا تھی اور شفاف — نہ کہ وہ مثل جص و گچ تھی صاف

وصف گردن کا سن یہ نیک صفات — کرتے ہین سب عرب بیاض کی ساتھ

اور تشبیہ انکی گردن سے کے — جید و دمیہ اس لیے آئے

کر بناتے ہین جب کوئی تمثال — کرتے ہین وہ مبالغہ مین کمال

تو وہ خوبی شکل مین اسنے — ہوتے ہر ایک شی ہی ہی اچھے

ایسی ہی تو سمجھ لے یہ بھی مثال — کہ اوسی جملہ وصف مین تھا کمال

اور تشبیہ مین کر غور — ہی نہین جز شروق و لون کچھ اور

یہ عبارت حدیث کی ظاہر — کرتے وصف عنق ہی ای ماہر

یعنے سے صفاء الفضۃ ۱۲

اور حدیث ابوہریرہ سے — ہوا معلوم اس طرح سے مجھے

کلّ عنقہ جید دمیۃ ۱۲

کہ یہ اس وصف کی صفت ہی جدا — از پے لون خواجہ دوسرا

یعنے صفاء الفضۃ ۱۲

ایک روایت مین ہی لکہا یون بہی — کہ وہ گردن صفا و طول مین تہے

گویا مثل صراحی نقرہ — پر نہ مفرط تہا طول اوسط تہا

شعر دو تین یان مین لکہتا ہون — وصف گردن مین خوب ہین موزون

چون چراغ صبحدم خورشید پی البرز بجان — تا بیاض گردن سیمین او شد آشکار

از لطافت تہاوی چون شمع در فانوس ہم — از بیاض گردن او شعلہ آواز را

بیاض گردن او صبح روشن گیسو شب — بشب کہ دید فجر او روشن آفتاب ہی

بیاض گردن بی صبح و شب ہو — سواد خط بعبا بر گلشن زرد

نہ کیون حاصل ہو سکو روشنی ہو اوسکو بار عصیان بہی
جو وصف اب شانہ و دوش مقدس کا سناتا ہی

جلیل المشاش والکتد

ہے لکہا یون کہ دوش پاک نبی — ایک خوبی کی ساتھ تہی بہاری

اور ہماری سمجھ تو ایسے سے ہے — جو ہر ایک استخوان سے بہی

دیر سے کر رہا ہے دل اصرار — وصف مین دوش کی یہ پڑہ اشعار

نازم آن لطف جوہر دوش تجلی خیزش — کہ بجیبت گر آئینہ جلائی گردد

صفائی دوش را اتنا باز کردہ — پراز دوش پری پرواز کردہ

اور تجھے دونون سے ملے پچھے شانے	فرق کچھ بیچ مین تھا دونون کے

خدایا سینہ صافی دی مجھی تو اوسکی صدقی سی
کہ جسکا سینہ گنج معرفت تیرا کہاتا ہے

عریض الصدر

خوب چوڑا تھا آپ کا سینہ	دور تھا جس سے بغض اور کینہ
فرق شانون کا سینہ کی وسعت	لازم ایک دوسرے کی ہی یہ صفت
بعضی تحقیق کرنے والون سے	سنا چوڑائی کی یہ مین نے لکھے
چوڑے سینے سے اے خجستہ نہاد	ہی یہان انشراح صدر مراد
کہ ہو گنجایش اوسکی طاعت کی	اور سمائی ہو معرفت کی بھی
قول حق یہ امین ہے افصح	سینے یہ آیۃ الم نشرح
کیونکہ مبعوث سید عالم	جب ہوئی جانب عرب و عجم
حق تعالی نے آپ کے دل سے	غم و اندیشہ سارے دور کیے
اور کیا بس کشادہ سینہ کو	تا ہر ایک بات کی سمائی ہو
اور نہ رہا سے کوئی اندیشہ	صاف سینہ ہے وہ جیون شیشہ
واہ کیا طبیعت موزون	شعر لکھے کسی نے پر مضمون

از غم سینه‌ات آمد رشک بهار | بدر شد ماه هلالی است دوچار
وه چه سینه زلالی کوثر | لعل حل گشته و بسته مرمر
صاف مروارید و مه را بیخته اند | طرح لوح سینه او ریخته اند
جمیعکه در کمین گه صبح قیامت اند | آن سینه را از چاک گریبان ندیده اند
چنانکه شمع فروزان نماید از فانوس | فروغ سینه اش از پیرهن بود روشن

عروس کا مدول ہی ہم بغل جسسی کہ اب جی میں

بغلوں سی عطر کا خیال مدح آتا ہی

کان اعفر الابطین

تھیں بغل ہائے پاک خیر انام | مثل رنگ بدن سفید تمام
یعنی یکسان تھا رنگ جسم و بغل | کہ خصوص اسکو آپ پر ہی حمل
اور ہر شخص کی بغل کا رنگ | جسم کی رنگ سی جدا ہی و رنگ
یعنے ہوتا ہے تیرگی مائل | بخلاف آپ کی سن ای عاقل
اور بغل میں نہیں تھے آپ کی بال | پر کچھ اس میں خلاف ہی قیل او رقال
کیونکہ بعضی حدیثوں میں آیا | قلع کرنا بغل سے بالون کا
بسکہ خوش بو بغل سے آتی تھی | ہے یہہ بعضی صحابہ سے مروی

کہ لگایا جب آپ نے مجھکو — اپنے سینہ سی بس تھی ایک خوشبو
مثل خوشبوی مشک آئی مجھے — اور بغل ہای پاک حضرت سی
لکھون وصف بغل مین یہ اشعار — تا ہوا اعجاز حسن کا اظہار

اشعار

چہ اعجاز ید بیضاست در حسن بغلہایش — کہ شام تیرہ روزان را تجلی در بغل دارد
بغل بودہ بخوشبوی بدان سان — توگوئی عطر دانی ہست پنہان

یقین ہی لطف حق پشت پناہ حال ہوئی
شمیم اشعار وصف پشت اقدس کی سناتا ہی

وَكَانَ ظَهْرُهُ الشَّرِيفَةُ كَأَنَّهُ سَبِيكَةُ فِضَّةٍ

اور تہے آپ کی وہ پشت شریف — گویا نقرہ گداختہ ہو لطیف
تھی سفید اور صاف بس ہموار — اور شانون سے کے بیچ مین ای یار
مہر تھی آپکی نبوت سے کے — بس وہی خاتم نبوت سے تہے
اس لیے نام یہ رکھا اوسکا — کہ کتابون مین اگلی لکھا تھا
خاتم الانبیا وسے ہوگا — پشت پر جسکے ہو نشان اوسکا
سو نشانی تھی وہ بصد زینت — جس سے پہچانے جاتے تہے حضرت
تھی سند محضر نبوت کے — کہ نہ واقع کوئی خلل ہو کبھی

اور محفوظ بھی تھی اوسکی سبب
بلور نشانی تھی یا تھا شہر اله
اور کہا ہے یہہ بھی حاکم نے
ہوئے مبعوث جتنے پیغمبر
کچہہ نہ کچہہ ایک نشان نبوت کا
یعنی باہین دونون شانون کے
تھا لکھا اوس مین کلمہ اللہ
اور توحید کی ساتھہ تھا مسطور
ایک روایت مین یون بہی ہی لکہا
اور بعد از وفات حضرت کے
سبب ت کے آنے کے یہہ تہی پہچان
بس علامت تہی وہ نبوت کی
اور پہر جب وہ ہوگئے غائب
کہ پس مرگ پہر نبوت کے
اور گمان ہونے کی کچہہ بہی دلیل
حق تعالی ہی اوسکو جانتا ہے

طعن اہل کتاب سے باوجب
خاص حضرت کی ساتھہ بحمد اللہ
ہی روایت بن منبہ سے نفے
سکے تھا سیدہی با ہین کیسہ
اور ہماری نبی کی پشت پہ تھا
آپ کی خاتم نبوت سے تہے
وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ اِی وَاہ
حَیْثُ کُنْتَ فَاِنَّكَ مَنْصُوْر
اوسمین ایک نور تھا چمکتا ہوا
ہوی غائب وہ جسم اقدس سے
کہ رہا پشت پر نہ اوسکا نشان
کہ ہویدا جو تا حیات رہے
سبب اوسکا یہہ جانیئے صاحب
باقی حاجت نہ کچہہ سند کی ہے
کہ جو کچہہ اوس مین راز رب جلیل
اور اس طرح سے ہی لکہا ہے

اوسکے گم ہونے سے شبہے کوئی
کہ نبوت بس اب نہ باقی ہے

کہ نبوت نبی کی ہے باقی
نہیں ہرگز وہ موت سی جاتی

ہے لکھا خاتم نبوت کو
جس طرح بیضۂ کبوتر ہو

پارہ گوشت سرخ رنگت کا
دونون شانون کے بیچ ابھرا تھا

ظاہر و باطن اوسکے تھے سطور
دونون جملے جو ہو چکے مذکور

وقت پیدائش اوسکا بعضون نے
لکھا اس طرح سی کہ حضرت کی

ہوئے پیدا وہ بعد شرح صدر
اور لکھتے ہیں بعضے عالی قدر

پیدا ہوتے ہی آپکی وہ ہوئے
پشت اقدس پہ بیچ مہر نبی

اور بعضون نے اس طرح سی کہا
ساتھہ ہی آپکے ہوئے پیدا

ایک روایت مین ہے لکھا اس طور
چاہیے یاد رکھنا سن کے بغور

بیچ شانون کے بائین جانب تھا
پارہ گوشت ایک اوٹھا ہوا

چند ایک بال بھی تھے کچھ اوپر
اور فرماتے ہین یون ابن عمر

اوسپہ تھا لا الہ الا اللہ
گوشت کی حرفون سی لکھا اے آہ

اور یہ بھی اونہین سے ہی مروی
تھا محمد رسول اللہ بھی

ابن اسعد نے اس طرح ہی کہا
پیٹھ ملنے کو مجھے فرمایا

جبکہ مین وہ پشت پاک سے ملے
مہر اقدس پہ جا لگے اور نکلی

ہوسے معلوم چند مو گنجان
ہی یہہ بی دیکھنے کی اونکا بیان

بال دیکھے نہیں تجھے آنکھون سے
جب ملے پشت پاک ہاتھون سے

بس اونھون نی وہی بیان کیا
اور جن راویون نے دیکھا تھا

رنگ کو اور شکل کو اوسکے
کہا ویسے ہی اوسکو اون سبھنے

ایک نی دی مثال انڈے کی
اور گھنڈی کی دوسرے نی دی

کوئی کہتا ہے سرخ رنگ اوسکا
اور کسی نے سیاہ و سبز کہا

سے درست اور سچ یہ جسنے بتایا
سُرخ و سبز و سپید کی دی تشبیہ

کیونکہ سرخ و سپید جسم جو تھا
اس لیے مُہر کو بھی سرخ کہا

اور جو کچھ اوسپر خال سی تھی
کہا سبز و سیاہ ہر ایک نے

بجا شاخ نہال فیض سمجھو میری ہاتھون کو۔
کہ ان ہاتھون سی وصف دست حضرت لکھا جاتا ہے

یون سنا ہے کہ دست پاک نبی
تھی نہایت ہی باخوش اسلوبی

موٹی بازو اور لانبے تھے پونچے
گوشت سی پر ذراع دونون تھے

وصف بازوی سید دو سرا
اس طرح سی کسی نی ہے لکھا

دو بازوسے شفاف آن گلبدن
جو گلدستہ نسترن در چمن

نرم و چوڑی ہتھیلیاں وہ گداز | جس سے جود و سخا سدا دم ساز
ایک صحابی نے اس طرح سے کہا | ہو کے حاضر جو بیٹھنے ہاتھ چھوا
ایسکہ ریشم سے تھے زیادہ نرم | سرد تر برف سے نہ اصلا گرم
اور انس کہتے ہیں نہیں پایا (یعنے ہتھیلے) | نرم تر اون سے اطلس و دیبا
سخت و موٹے اونہیں کہا جسنے | سبب اوسکا یہہ تھا ذرا سنیئے
گھر کے کاموں میں اور جہاد میں جب | ہوتے مشغول تھے وہ شاہ عرب
سخت اوس دم ہتھیلی ہو جاتیں | پھر اوسی اصل حال پر آتیں
اور مروی ہی یوں بھی جابر سے | ہاتھ حضرت نے پھیرا مونہہ پہ میرے
پائی کچھہ ایسی خوشبو اور ٹھنڈک | دل کو راحت دماغ کو تھی مہک
گویا نکلا ہے ہاتھہ حضرت کا | عطرداں سے ابھی شمامہ سا
ہے بیان اور بھی صحابہ کا | وصف میں اونکے قس علی ھذا
سعد کہتے ہیں آئے وہ خوشخو | یعنے حضرت مری عیادت کو
ہاتھہ پیشانی پر مرے رکھا | شکم و سینہ پہ پھر پھیرا
سرد ایسا تھا وہ کہ بس ابتک | پاتا اپنے جگر میں ہوں ٹھنڈک
بس وہ سردی نہ عارضہ سے تھی | لمس کرنیسے جو بدن سے لگتی
بلکہ جان اسکو اعتدال مزاج | اور نہایت درست حال مزاج

اور عدم غلبۂ حرارت سے جسے ۔۔۔ جس سے حاصل ہو ذوق و رغبتی
اونگلیان ہاتھ پاؤن کے تھین دراز ۔۔۔ خوب پر گوشت لیک با انداز
وصف ان شعرون مین جو ہی لکھا ۔۔۔ اس سے بھی حسن مین وہ بھی آراستہ ہے
کف شن راحت دہ ہر محنت اندیش ۔۔۔ نہادہ مرہمی بر ہر دل ریش
کفا و ستش گست و غنچہ سان گھائی ۔۔۔ چو بست از آستین بیرون کند گلدستہ ہا

ہی میرا ذہن اب موج محیط حسن کا سیاح
کرین وصف شکم خضر کا لکھنا اوسکو بجا ہی

سَوَاءَ الْبَطْنِ وَالصَّدْرِ

وصف مین پیٹ کی یہہ ہے لکھا ۔۔۔ سینۂ پاک سے برابر تھا
یعنی سینے سے پیٹ اونچا نہ تھا ۔۔۔ اور سینہ تھا پیٹ سے اونچا
اور یون بھی حدیث مین آیا ۔۔۔ کہ ہے نقطۂ مفاض بطن لکھا
ہے یہہ معنی کہ تھا فراخ شکم ۔۔۔ اور یہہ ہے عرض صدر کو لازم
حضرت ام ہانی وصف شکم ۔۔۔ کرتے ہین یون بغیر بیش او رکم
مینے دیکھا تھا پیٹ حضرت کا ۔۔۔ رکھے کاغذ تھے تہ بتہ گویا
خوب یہہ بھی کسی نی ہین سے لکھے ۔۔۔ چند اشعار وصف مین اوسکے

چنین صورت پاکیزہ گوہر | شکم با سینہ اش بودی برابر
ز وصف آن شکم دل ماند باہم | کہ از مہر شکم شد پشت با خم
بلوری بلکہ صافی تر از آب | مصفا موج زن دریای سیماب
حریری نی کاغذے مہرہ کشیدہ | مصفا و سبکتر نیسان گردیدہ
شکم از بس صفا آئینہ نور | توان دیدن در آن عکس رخ از دور
شکم از لطف تا ثم یا حریرست | ز نرمی قرص صندل یا خمیرست
شد از وصف شکم تا خامہ شاداب | ورق شد دیدہ گاہی موج مہتاب
لفظ ذو مسربہ ہے قول سے علی | تھی عیان ایک لکیر بالون کی
ناف اقدس تلک وہ سینہ سے | ابن ہالہ سے ہین یون کہتے
مگر ایک لفظ کی تفاوت سے | یعنے لفظ دقیق اور ذو سے
بس تو اوسکو دقیق مسربہ جان | اسکے معنی کا اس طرح ہی بیان
سینہ سے ناف تک تھے پتلے سے | خوش نما اک لکیر بالون کی
شکم و سینے پر سوا اسکے | اک ذرا بھی کہین پہ بال نہ تھے
صاف بالون سے دونون پستان تھین | مو نہ جز مسربہ تھی اور کہین
پر ذرا عین و صدر سینے پر | اور ساعد پہ بال تھے اکثر
وصف مین آپکی ہی یہ بھی لکھا | بالون سی جسم پاک خالے تھا

یہہ مقابل ہے قول اشعر کے / اور اشعر بس اوسکو ہین کہتے
بال جسکے بدن پہ ہوویں تمام / پڑھو صلی علی رسول انام
یون لکھا ہے کسی نی وصف اسکا / مین بیان پر جو شعر یہہ لکھا
نکو بو ویش مو بر دوش بازو / نروید گرچہ از برگ سمن مو

ہوا کیا ساق پائی عرش سی ہم پایہ یہہ خامہ
جو نقش مجھسے وصف ساقین مبارک اب لکھا ہی

وصف ساقین مین ہی یون مروی / نہ تھین پر گوشت بلکہ تھین پتلے
سن اسی بھی ہی یہہ بیان جس طور / ایک صحابی کا قول ہے اس طور
جب کیا اونکا مینے نظارہ / تھین وہ ساقین گویا جمارہ
بھاری تھے ہڈیون کی جوڑ اور بند / گھرتے تلوے تھے خوشنما و پسند
قدم پاک نرم اور ہموار / جن پر پانی نہ ٹھہرتا زنہار

مسیح القدمین

ہی یہہ مروی ابی ہریرہ سے / آپ جس وقت راہ چلتے تھے
سب قدم تھا زمین پر لگتا / یاد رکھو یہہ مسیح کی معنا
اور اخمص ہی ایک روایت مین / گھرتے تلوے یہہ اسکے معنی ہین

رہی جو یہہ وصف وطرح مروی — لا محالہ تنافی اسمین ہوئے
اب توافق جہاں پہ یون لیجے — قدم پاک ایسے اخمص تھے
کہ بوقت خرام لگجاتے — سارے تلوے زمین پہ حضرت کے

منہوس العقب

ایڑیان بسکہ خوبصورت تھین — پتلے کم گوشت خوب ابھری ہوئین
وصف انگشت پاین ہی مروی — بسکہ سبابہ سب سے لانبے تھے
ہے جو مشہور ہاتھ کی اونگلی — یعنی سبابہ سب سے تھے لانبے
یہہ غلط ہے نہ اسکو ہرگز مان — وہی اول کا قول سچ تو جان

حواس خمسہ گم ہین خود بخود اس وہم تمیم اپنی
نشان سایہ حضرت نہین کوئی بتاتا ہی

کہتے ہین قد پاک کا سایہ — تھا نہین یہ بھی ایک ہے آیہ
شمع ہو آفتاب یا مہتاب — سب مین سایہ تھا آپکا نایاب
کیونکہ سب جسم پاک نور کا تھا — اور نہین سایہ نور کا ہوتا
جس قدر آپکی ہین اسم شریف — اون مین ایک نور بھی ہی اسم لطیف

ہی پامال خرام شاہد مضمون ایک عالم

کہ رفتار مبارک کا جواب مذکور آتا ہی

ذکر رفتار اس طرح ہی لکھا | راہ چلتے تھے یون رسول خدا
خوب پورا اوٹھا اوٹھا کے قدم | رحمت حق اونہون پہ ہو ہر دم
جلد جلد اور کشادہ گامی سے | آئین پستی کو جیون بلندی سے
نظر آتے تھے آگے کو مائل | سیدہ صفت بھی ہی حسن مین شامل
یاد آئی کسی کی چال ہمین | ہمنشین ہم چلے سنبھال ہمین
تھا ہر ایک بات مین نرالاپن | خوب خوش وضع سب سے بیش حسین
حسن صورت مین حسن سیرت مین | برگزیدہ تمام خلقت مین

لکھا یہان تک تو نظم حلیۂ ختم رسالت کو
مناجات اب لکھون آگئی ہی بس لبون تک آتی ہی

شکر حق ہی ہوا یہ نظم تمام | ہووے یارب بخیر اب انجام
شاہد نظم کو بصد حسرت | کر عطا حلۂ قبولیت
تا ہو مرغوب ایسی ہر دل کی | سر اور آنکھون پہ سب کی جو رکھے
بے ریا باخلوص ہو ہو کر | الامان از حسد وز استکبار

التحفیظ از نفاق و شرک و کین — دشمنان خند یا خدا بہ کمین

ایک ہی نفس دوسرا شیطان — یہی دونون ہین دشمن ایمان

وسوسے دلمین لاتی ہین صد ہا — ہر طرح انکی قید مین ہون پھنسا

وسوسون تو حاسدون کی بجا — سبب معصیت یہی ہی مرا

خط عبادت کا لطف طاعت کا — بے حضوری سے دل نہین آتا

مجھکو فرما حضور قلب عطا — کہ مین ہون سر بسر خطا سی بنا

دم گذرتا نہین بغیر گناہ — خواہش نفس مین گھرا ہون آہ

بیحد و عد ہے میری معصیت — جس سے پاتے نہ ایک دم فرصت

معصیت کو مری گنہ سی عار — کرے توبہ پہ توبہ استغفار

سخت شرمندہ ہون بہت ناچار — کیا کرون عرض ای مری غفار

ہے جو از بس قساوت قلبی — ایک بلاے عظیم ہے یہہ بھی

دل بریان دی چشم گریان دے — سینہ صافی دے نور ایمان دے

یہہ تو سب سچ ہی پر سن ای دل زار — گو نہین ہے ترے گنہ کا شمار

زشت اعمال سے خجل ہے تو — اور نہایت ہی منفعل ہے تو

پر نہ رکھہ رحمت خدا سی یاس — ایسی نعمت کا کر تو شکر و سپاس

بندۂ پر خطا ہے تو جسکا — کیا ٹھکانہ ہے اوسکی رحمت کا

یاد رکھ یہہ حدیث ہی قدسی — سبقت رحمتی علی غضبی

بحر رحمت کا جوش مین جب آئے — کوہ عصیان مثال کف بہجائی

مہر بخشایش اوسکا جب چمکے — ظلمت جرم پھر کہان ٹہری

ابر عفو اوسکا جس گہڑی برسے — دہولین سب عیب پا تلک سر سے

اپنی رحمت سی ای خدای رحیم — بطفیل نبی رسول ﷺ کریم

عفو فرما مرے تمام گناہ — اور کر حسنات بخش الٰہ

نیک ہر کام کی تو دی توفیق — لطف ہر دم ترا ہو میرا رفیق

ہستی سے کر عطا مجھے چند چیز — تا ہو انسانیت کی میرے تمیز

امن و ایمان اور علم و عمل — وسعت رزق و صحت اکمل

ہو نبی پر سدا درود و سلام — آل و اصحاب پر بہی ای علام

تمت